**AQF / Hamid**

**05-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ انتخابی کمیشن 11 ریاستوں کے میونسپل کمشنروں اور چنندہ ضلع چناؤ افسروں کے ساتھ لوک سبھا انتخابات میں ووٹنگ کے فیصد کو بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے ایک کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔

☆ RBI آج مالی سال 2024-25 کیلئے اپنی پہلی دو ماہی مالیاتی پالیسی کا اعلان کرے گا۔

☆ اسرائیل نے غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مزید امداد کی اجازت دینے کیلئے Erez سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھول دیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے دو روز کے دوران مشرقی اور جزیرہ نما بھارت کے علاقوں میں شدید گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی۔

☆ اور : IPL کرکٹ میں پنجاب کنگس نے احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**EC MEETING**

انتخابی کمیشن، آج گیارہ ریاستوں کے میونسپل کمشنروں اور چنندہ ضلع چناؤ آفیسرز کی ایک کانفرنس کا انعقاد کرے گا، جہاں پچھلے عام انتخابات کے دوران سب سے کم تعداد میں لوگوں نے ووٹ ڈالے تھے۔ یہ کانفرنس نئی دلّی میں اعلیٰ چناؤ کمشنر راجیو کمار کی صدارت میں منعقد ہوگی۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر کے ہمراہ انتخابی کمشنر گیانیش کمار اور سکھبیر سنگھ سندھو بھی ہوں گے۔ اِس میٹنگ میں آنے والے لوک سبھا انتخابات میں رائے دہندگان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ میٹنگ کے دوران مخصوص شہری اور دیہی علاقوں میں کم تعداد میں لوگوں کے ووٹ ڈالنے کے معاملے کو حل کرنے کیلئے مخصوص ایکشن پلان تیار کیا جائے گا۔

دلّی، ممبئی، چنئی، بنگلورو، حیدرآباد، احمد آباد، پونے، تھانے، ناگپور، پٹنہ صاحب، لکھنؤ اور کانپور کے میونسپل کمشنرز اور بہار اور اترپردیش کے چنندہ ضلع چناؤ آفیسرز اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر نے متعدد مواقع پر شہری علاقوں میں ووٹنگ کے تئیں لوگوں کی بے حسی اور دیہی علاقوں سے نقل مکانی کے چیلنج کو اجاگر کیا ہے اور اِسے کم تعداد میں ووٹنگ کی وجہ قرار دیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C Anand Kumar**

اِس میٹنگ کے دوران مخصوص شہری اور دیہی علاقوں میں کم تعداد میں لوگوں کے ووٹ ڈالنے کے معاملے پر غوروخوض کیا جائے گا اور اِس مسئلے کو حل کرنے کیلئے ایک مخصوص ایکشن پلان تیار کیا جائے گا۔ 2019 کے لوک سبھا انتخابات کے دوران گیارہ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں بہار، اترپردیش، دلّی، مہاراشٹر، اتراکھنڈ، تلنگانہ، گجرات، پنجاب، راجستھان، جموں وکشمیر اور جھارکھنڈ میں 67 اعشاریہ چار صفر فیصد کے قومی اوسط کے مقابلے میں ووٹنگ فیصد کم رہا تھا۔ شہری علاقوں میں کم ووٹنگ فیصد والے پچاس پارلیمانی حلقوں میں سے 17 پارلیمانی حلقے، میٹروپولیٹن علاقوں یا بڑے شہروں میں پائے گئے تھے، جو ووٹنگ کے تئیں شہروں میں رہائش پذیر لوگوں کی بے حسی کو اجاگر کرتا ہے۔ اس کے علاوہ میٹنگ کے دوران تبادلۂ خیال کرنے کیلئے کم ووٹنگ فیصد والی نو ریاستوں کے پچاس سے زیادہ دیہی پارلیمانی حلقے کی شناخت کی گئی ہے اور اِن علاقوں میں پولنگ کے عمل میں لوگوں کی شراکت داری بڑھانے کیلئے حکمت عملی تیار کی جائے گی۔

دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**2nd PHASE NAMINATION**

دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شام ختم ہوگیا۔ اِس مرحلے کے تحت 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 88 لوک سبھا سیٹوں کے ساتھ ساتھ باہری منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی حصے پر چناؤ ہوگا۔ باہری منی پور حلقے کے کچھ حصوں کا چناؤ بھی پہلے مرحلے کے تحت ہوگا۔

جن اہم امیدواروں نے کل اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے، اُن میں اترپردیش میں متھرا لوک سبھا سیٹ سے ہیما مالنی، کرناٹک میں مانڈیا سے ایچ ڈی کمارا سوامی اور Trissur سے اداکار سے سیاست داں بنے سریش گوپی، وائناڈ سے کے سریندرن اور کیرالہ میں Alappuzha سے کے سی وینوگوپال شامل ہیں۔ دوسرے مرحلے کے لئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ جبکہ جموں وکشمیر میں یہ کل کی جائے گی۔×

**MP-ELECTION UPDATE**

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے 109 امیدواروں نے کُل 157 پرچہ نامزدگی داخل کئے۔ دوسرے مرحلے کے تحت ریاست کی 7 سیٹوں کیلئے 26 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Sanjeev Sharma

*مدھیہ پردیش میں دوسرے مرحلے کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے کُل آخری دن 56 امیدواروں نے نامزدگی کے 84 کاغذات داخل کئے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ 8 اپریل تک امیدوار اپنا نام واپس لے سکتے ہیں۔ اس دوران ریاست میں امن وقانون کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے پولیس تھانوں میں اب تک دو لاکھ 60 ہزار سے زیادہ لائسنس شدہ ہتھیار جمع کرائے جاچکے ہیں۔ 22 ہزار سے زیادہ غیر ضمانتی وارنٹس پر بھی عمل ہوا ہے۔ اسی طرح 63 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ مالیت کی مختلف اشیاء کو بھی ضبط کیا گیا ہے، جس میں 6 کروڑ 58 لاکھ روپے کی نقد رقم شامل ہے۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**CONGRESS GUJRAT LIST**

کانگریس نے گجرات سے لوک سبھا انتخابات کیلئے تین امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے وڈوڈرا حلقے سے Jashpalsinh Padhiyar کو، جوناگڑھ سے ہیرابھائی Jotva کو جبکہ سریندر نگر سے Rutvikbhai Makwana کو میدان میں اتارا ہے۔×

**PUNJAB WEBSITE BOOTH RABTA**

پنجاب میں ضلع انتخابی افسر اور Malerkotla کی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر پلّوی کی ایک منفرد پہل کے تحت ''بوتھ رابطہ'' نام کی ایک خصوصی ویب سائٹ کا آغاز کیا گیا ہے تاکہ ضلع کے لوگوں کو چناؤ سے متعلق معلومات فراہم کی جاسکیں۔ ویب سائٹ boothrabta.com نہ صرف رائے دہندگان کیلئے بلکہ کسی بھی قسم کے حالات میں پولنگ حکام کیلئے بھی مددگار ہوگی۔ بھارت کے ڈپٹی انتخابی کمشنر ہردیش کمار اور پنجاب کے اعلیٰ چناؤ افسر Sibin C نے اس پہل کی ستائش کی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Shishu Sharma Shantal

*بوتھ رابطہ کا مطلب بوتھ تعلق ہے، جو ملیر کوٹلہ ضلع اتھارٹی کی ایک منفرد پہل ہے۔ ملیر کوٹلہ ضلع کی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر پلّوی کے مطابق بوتھ رابطہ ضلع کے لوگوں کو الیکشن سے متعلق مختلف معاملات کی*

جانکاری فراہم کرے گا۔ پہلی بار کے نوجوان رائے دہندگان اس کے ذریعے سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کرسکیں گے اور کسی بھی پولنگ اسٹیشن کو ریٹینگ دے سکیں گے۔

ششو شرما شاعل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

## ASSAM NAMINATION

آسام میں لوک سبھا انتخابات کیلئے دوسرے مرحلے کیلئے 65 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی داخل کئے ہیں۔ اس مرحلے میں پانچ سیٹوں کا احاطہ کیا جائے گا۔ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ آسام کے ٹرانسپورٹ اور ایکسائز کے وزیر پریمل Sukalbaidya، MP Kripanath Mallah اور دلیپ سائیکیا بی جے پی کیلئے چناؤ میدان میں ہیں کانگریس نے دوسرے مرحلے میں ناگاؤں سے MP Pradyut Bordoloi کو پھر سے نامزد کیا ہے، جبکہ بوڈولینڈ پیپلز فرنٹ نے MLA درگا داس بورو کو ٹکٹ دیا ہے۔ دوسرے مرحلے کے انتخابات میں TMC،AIUDF نے بھی اپنے امیدواروں کو میدان میں اتارا ہے۔×

## BJP MANIFESTO MEETING

BJP کی انتخابی منشور سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ کل نئی دلّی میں پارٹی ہیڈکوارٹرس میں منعقد ہوئی۔ جس میں لوک سبھا انتخابات کیلئے پارٹی کے انتخابی منشور کو حتمی شکل دی گئی۔ سینئر BJP رہنما راجناتھ سنگھ کی سربراہی والی 27 رکنی کمیٹی کی یہ دوسری میٹنگ تھی۔ اس میٹنگ میں پارٹی کی سینئر لیڈرس نرملا سیتا رمن، اشونی ویشنو، کرن رججو اور دیگر نے شرکت کی۔ اس دوران کانگریس، آج لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنا انتخابی منشور جاری کرے گی۔ x

## SMRITI IRANI KASARGOD

بی جے پی کی سینئر لیڈر اسمرتی ایرانی نے کل کیرالہ میں Kasaragod کا دورہ کیا۔ Kanhangad میں NDA امیدوار ایم ایل اشونی کی حمایت میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ ایرانی نے پاپولر فرنٹ آف انڈیا کی ممنوعہ تنظیم کی سیاسی شاخ SDPI کی مدد کے بغیر عام انتخابات کا سامنا کرنے کیلئے کانگریس لیڈر شپ کو چیلنج کیا۔×

## SOUTH CHENNAI STATE

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم تمل ناڈو میں واقع ساؤتھ چینئی پارلیمانی حلقے سے متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

تمل ناڈو کی راجدھانی چنئی میں تین پارلیمانی حلقے چنئی نارتھ، چنئی سینٹرل اور چنئی ساؤتھ ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ چنئی ساؤتھ سیٹ چھ اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔ یہاں 20 لاکھ سے زیادہ ووٹرس ہیں۔ یہاں سہ رخی مقابلہ ہونے کا امکان ہے۔ یہ بے حد اہم پارلیمانی حلقہ ہے جہاں سے متعدد اہم رہنما لوک سبھا کیلئے منتخب ہوئے ہیں۔ اس حلقے سے 1957 میں آزاد بھارت کے پہلے وزیرخزانہ ٹی ٹی Krishnamachari لوک سبھا کیلئے منتخب ہونے والے پہلے شخص تھے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Joy

ساؤتھ چنئی پارلیمانی حلقہ، چھ آسمبلی حلقوں، Virugambakkam، Saidapet، Thiyagaraya Nagar، Mylapore، Velachery اور Sholinganallur پر مشتمل ہے۔ ان میں کُل 41 امیدوار چناؤب میدان میں ہیں۔ یہاں سہ رخی مقابلہ ہونے کا امکان ہے۔ 2021 میں ہوئے آسمبلی انتخابات میں چھ آسمبلی حلقوں میں سے پانچ آسمبلی سیٹوں پر ڈی ایم کے نے جیت حاصل کی جبکہ ایک سیٹ پر کانگریس کو فتح ملی۔ بی جے پی نے تلنگامہ اور پڈوچیری کی سابق گورنر اور سابق ریاستی صدر ڈاکٹر تمیلی سائی سندرجن کو موجودہ ایم پی T Sumathi عرف Thamizhachi Thangapandian کے خلاف چناؤ میدان میں اتارا ہے۔ T Sumathi دوسری مرتبہ اِس حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ ڈاکٹر جے جے وردھن جو اِس حلقے سے ایک مرتبہ منتخب ہوچکے ہیں، دوسری مرتبہ چناؤ میدان میں ہیں۔ جے وردھن نے 2014 میں 41 فیصد ووٹ حاصل کیے تھے اور پہلی مرتبہ وہ لوک سبھا کا رکن بنے تھے۔ 2019 میں انہیں Thamizhachi Thangapandian کے مقابلے شکست ہوئی تھی اور انہیں 27 فیصد سے بھی کم ووٹ ملے تھے۔ Thamizhachi نے 2019 میں 50 فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کیے تھے۔ ڈاکٹر تمیلی سائی سندراجن ساؤتھ چنئی کی ایک نئی امیدوار ہیں۔ وہ لوک سبھا انتخابات میں چنئی نارتھ اور Thoothukudi حلقے سے پہلے بھی انتخاب لڑ چکی ہیں۔ وہ گورنر بننے سے پہلے تمل ناڈو آسمبلی کیلیے رادھاپورم، ویلا چیری اور وِرو گام بکّم آسمبلی حلقوں سے چناؤ لڑ چکے ہیں۔ لوک سبھا کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو سابق وزیراعلیٰ اور ڈی ایم کے کے بانی سی این انا دورائی، سابق صدر جمہوریہ آر وینکٹ رمن، اداکارہ وجنتی مالا ، سابق مرکزی وزیر موراسولی مارن سبھی یہاں سے چناؤ لڑ چکے ہیں اور لوک سبھا کیلیئے منتخب ہوچکے ہیں۔ ڈی ایم کے نے اِس حلقے سے نو مرتبہ جیت حاصل کی ہے جبکہ کانگریس نے چار مرتبہ اور اے آئی اے ڈی ایم کے نے تین مرتبہ جیت حاصل کی ہے۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیئے میں.....

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**RBI MONTHLY RBI PLICY**

ریزرو بینک آف انڈیا RBI آج مالی برس 2024-25 کیلئے اپنی پہلی دو ماہی مالیاتی پالیسی کا اعلان کرے گا۔
ریزرو بینک آف انڈیا کے گورنر شکتی کانت داس کی سربراہی میں مالیاتی پالیسی کمیٹی کی تین روزہ میٹنگ بدھ کے روز شروع ہوئی تھی۔ مالیاتی پالیسی کمیٹی کی میٹنگ میں لیے گئے فیصلے کا اعلان آج کیا جائے گا۔ مالی برس 2024-25 کیلئے مالیاتی پالیسی کی کُل چھ میٹنگیں ہوں گی۔ اِن میں سے پہلی میٹنگ اِس مہینے شروع ہوئی۔
اقتصادی ماہرین کو اندازہ ہے کہ مرکزی بینک ایک مرتبہ پھر اہم شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کرے گا اور افراط زر کو کنٹرول کرنے پر توجہ مرکوز کرے گا۔ آر بی آئی نے پچھلی مرتبہ فروری 2023 میں ریپوریٹ میں اضافہ کیا تھا اور اسے ساڑھے چھ فیصد رکھا تھا۔ اِس کے بعد اُس نے اپنی پچھلی چھ دو ماہی پالیسیوں میں ریپوریٹ کی شرح کو جوں کا توں رکھا۔ x

**ISRAEL EREZ CROSSING**

اسرائیل کی سیکورٹی سے متعلق کابینہ نے غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مزید امداد پہنچانے کیلئے Erez سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے اجازت دے دی ہے۔ Erez سرحد، جسے Beit Hanoun بھی کہا جاتا ہے، اسرائیل اور شمالی غزہ پٹی کے درمیان ایک سرحدی گزرگاہ ہے۔ پچھلے سال سات اکتوبر کو فلسطینی گروپ حماس کے دہشت گردانہ حملے کے بعد سے اِس سرحدی گزرگاہ کو پہلی مرتبہ کھولا جارہا ہے۔ اسرائیلی حکام نے کہاہے کہ اِس سرحدی گزرگاہ کو غزہ میں مزید انسانی امداد کو داخل ہونے کی اجازت دینے کیلئے کھولا جارہاہے۔ اسرائیل کی سلامتی سے متعلق کابینہ نے غزہ میں مزید انسانی امداد پہنچانے میں مدد فراہم کرنے کیلئے اسرائیلی بندرگاہ Ashdod کو استعمال کرنے کی بھی منظوری دی ہے۔
اسرائیل زمینی سرحدوں پر سختی سے کنٹرول رکھتا ہے اور وہ غزہ سے آنے والے اور غزہ تک جانے والے تمام فضائی اور سمندری راستوں سے سفر پر پابندی عائد کر رکھی ہے۔ اسرائیل کا یہ اقدام ٹیلیفون پر امریکی صدر جوبائیڈن اور اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نتن یاہو کے درمیان بات چیت کے بعد سامنے آیا ہے۔ ٹیلیفون پر دونوں رہنماؤں نے غزہ کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا تھا۔ اقوام متحدہ نے Erez سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے کا خیرمقدم کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل کے ترجمان Tephanae Dujarric نے کہاہے کہ یہ بے حد خوش آئند خبر ہے۔ تاہم دیکھنا ہوگا کہ یہ کس طرح نافذ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہاکہ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر جنگ بندی اور بڑے پیمانے پر امداد پہنچانا جنگ سے تباہ حال غزہ پٹی کیلئے بے حد ضروری ہے۔ x

**IMD-HEAT WAVE**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران بھارت کے مشرقی حصوں اور جزیرہ نما میں گرمی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ کرناٹک کے شمالی اندرونی علاقوں، اڈیشہ، گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ، تلنگانہ اور ساحلی آندھرا پردیش، Yanam اور رائل سیما میں کل تک گرمی کے حالات رہنے کا بھی امکان ہے۔ اتوار تک شمال مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں بارش اور گرج چمک کا سلسلہ جاری رہے گا۔ موسمیات کے محکمے نے کل شدید بارش کے امکانات کے ساتھ ساتھ اتوار تک اروناچل پردیش میں دور دور تک شدید بارش اور برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔ آسام اور میگھالیہ میں آج دور دور تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے چند روز کے دوران ہلکی سے اوسط بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کیرالہ، Mahe، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، ساحلی کرناٹک، کوکن اور گوا میں پیر کے روز تک گرمی اور اومس والا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران موسمیات کے دفتر نے دلّی میں تیز ہواؤں کے امکان کے ساتھ آسامن جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ قومی راجدھانی میں آج زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 ڈگری کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔x

**ICG SAMUDRA PAHEREDAR VIETNAM**

بھارتی ساحلی محافظ دستے ICG کے آلودگی کو کنٹرول کرنے والے جہاز سَمُدر پہریدار نے ویتنام کے Ho Chi Minh میں ویتنام کے ساحلی محافظ دستے کے ساتھ سمندر میں تیل سے پھیلنے والی آلودگی کی روک تھام پر ایک مشترکہ مشق کا اہتمام کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ICG نے کہا کہ مشق کے دوران آسیان خطے میں سمندری آلودگی سے مشترکہ طور پر نمٹنے کیلئے بھارتی ساحلی محافظ دستے کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے جہاز کے آلودگی کی روک تھام کے آلات کا مظاہرہ کیاگیا۔ اس پوسٹ میں مزید کہاگیا ہے کہ ICG محفوظ اور صاف ستھرے سمندر کے اپنے عزم کی توثیق کرتا ہے۔

تین روزہ دورے کے دوران جہاز کے عملے کے افراد سمندری آلودگی سے موثر طور پر نمٹنے، سمندر میں تلاش اور بچاؤ کی کارروائی اور بحری قوانین کے نفاذ جیسے امور پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے پیشہ ورانہ بات چیت میں مصروف رہے۔ x

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں پنجاب کنگس نے کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔ پنجاب نے 200 رن کا جیت کا یہ نشانہ 19 اوورس اور پانچ گیندوں میں 7 وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ پنجاب کیلئے ششانگ سنگھ نے 29 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 61 رن بنائے۔ گجرات کیلئے Rabada نے دو، جبکہ ہرشل پٹیل اور ہرپریت برار نے ایک ایک وکٹ لئے۔

اس سے قبل پہلے بلے بازی کرتے ہوئے گجرات نے مقررہ 20 اووَرس میں چار وکٹ کے نقصان پر 199 رن بنائے تھے۔ کپتان Shubman گِل نے 48 گیندوں میں بغیر آؤٹ ہوئے 89 رن بنائے۔ ششانک سنگھ کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آج حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سنرائزرس حیدرآباد کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

## TABLE TENNIS

ٹیبل ٹینس میں کل بھارت کے چار کھلاڑی کروشیا میں کھیلے جارہے ورلڈ ٹیبل ٹینس فیڈر کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں G Sathiyan نے جرمنی کے Felix Wetzel کو تین-ایک سے اور Snehit Suravajjula نے قزاخستان کے Sanzhar Zhubanov کو تین صفر جبکہ Harmeet Desai نے شمالی کوریا کے Cho Kijeong کو تین ایک سے شکست دی۔

خواتین کے سنگلز مقابلے میں بھارت کی Yashaswini Ghorpade بھی کروشیا کی کھلاڑی Mateja Jeger کو تین صفر سے ہراکر دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔ آج مکسڈ ڈبل کے پری کوارٹر فائنل میں بھارت کی مقابلے میں جی ساتھیان اور Manik Batra کی جوڑی کا مقابلہ سلوواکیہ کے Lubomir Pistej اور Barbora Balazova سے ہوگا۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... شبانہ رحمان

شکریہ - محمد عمار

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: بیلسٹک میزائل اگنی پرائم کا کامیاب تجربہ، DRDO کی بڑی کامیابی۔ میزائل نے اپنے تمام اہداف کو پورا کرتے ہوئے مشن کو مکمل کیا۔ وزیراعظم مودی اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے تمام افسران اور سائنسدانوں کو مبارک باد دی۔ روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور ملاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے انتخابات سے متعلق خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے 12 ریاستوں کی 88 سیٹوں کیلئے لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے کاغذات نامزدگی داخل

کرانے کا عمل کل شام ختم ہوگیا۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ کی ایک خبر کے مطابق بھارت نے متحدہ عرب امارات کو 10 ہزار ٹن پیاز برآمد کرنے کی اجازت دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ اور ملاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے اس خبر کو بھی پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے کہ راجیہ سبھا چیئرمین نے سونیا گاندھی اور اشونی ویشنو سمیت 14 نئے ممبران کو حلف دلایا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جمعرات کو انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی ممبئی میں کینسر کے علاج کیلئے CAR-T سیل تھراپی کے آغاز کو انسانیت کیلئے امید کی کرن قرار دیا۔ یہ خبر بھی اخباروں نے خصوصیت کے ساتھ پیش کی ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ انتخابی کمیشن 11 ریاستوں کے میونسپل کمشنروں اور چنندہ ضلع چناؤ افسروں کے ساتھ لوک سبھا انتخابات میں ووٹنگ کے فیصد کو بڑھانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے ایک کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔

☆ RBI آج مالی سال 2024-25 کیلئے اپنی پہلی دو ماہی مالیاتی پالیسی کا اعلان کرے گا۔

☆ اسرائیل نے غزہ میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مزید امداد کی اجازت دینے کیلئے Erez سرحدی گزر گاہ کو دوبارہ کھول دیا ہے۔

☆ بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے دو روز کے دوران مشرقی اور جزیرہ نما بھارت کے علاقوں میں شدید گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی۔

☆ اور : IPL کرکٹ میں پنجاب کنگس نے احمدآباد میں گجرات ٹائٹنس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------